ہم سب مجرم ہیں؟

نسیم عباس

زیر اہتمام

مکتبہ انوار الثقلین

بمقام اٹھر

تحصیل پنڈ دادنخان (ضلع جہلم)

"ہم سب مجرم ہیں؟"

خالق اکبر آپ کو آباد و شاد رکھے،

کامیابی و کامرانی عطا فرمائے:-

پہلو میں دل ہے اور دل میں درد ہے وہ درد قوم کا اور اُمت مسلمہ کا ہے۔

اس درد کو اس لئے بیان کر رہا ہوں کہ دل کو دل سے راہ ہوتی ہے اور بقول شاعر: -

دل سے جو نکلتی ہے

دل پر اثر کرتی ہے

میں یہ بحث نہیں چھیڑنا چاہتا کہ فلاں حکمران نے یہ کیا فلاں نے یہ کیا لیکن اس کے برعکس ہمیں سوچنا ہوگا اور اس کا تعین کرنا ہوگا کہ ہم کیا کرنا چاہتے ہیں۔

ملت کو ہر ایک نقصان پہنچا رہا ہے۔ ہم سب مجرم ہیں لیکن نام کسی ایک کا لیتے ہیں۔ اردگرد کے ماحول پر نگاہ دوڑائی جائے تو ہم قوم کو مشکلات میں گِھرا دیکھیں گے۔

عورت کو عظمت نسواں کب نصیب ہوگی؟

معصوم اور بے گناہ بچوں پر مظالم کا سلسلہ کب بند ہوگا؟

مہنگائی، بیروزگاری اور دہشت گردی کے عفریت سے عوام کو نجات کب ملے گی؟

مساجد اور عزاخانوں پر لگائے گئے تالے کب کُھلے گیں اور اُمت مسلمہ کو مذہبی آزادی کب حاصل ہوگی؟

غرباء اور مستضعفین کے علاج کا مُداوا کون بنے گا؟

- آزادی کے نام پر ہونے والی بے حیائی فحاشی اور عریانی کون روکے گا؟

ہم سب لکیر کے فقیر بنے بیٹھے ہیں۔

ہم نے تعلیم کی اعلیٰ ڈگریاں حاصل کر لیں ہم اس کے ذریعے ملازمت پر اکتفا کریں یا اُمت مسلمہ کی بہتری کیلئے عملی اقدامات کریں گے۔ نوجوان ملت عورت کی محبت میں گرفتار ہو گئے ہیں اور دن رات محبوب کے خواب دیکھتے رہتے ہیں اور قوم کی ان کو بالکل فکر نہیں۔

مسلمان کہلوانے پر فخر محسوس نہیں کرتے بلکہ مختلف ذاتوں کو بیان کرنے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ بڑے فخریہ انداز میں اپنی ذات کو بیان کرتے ہیں۔

کبھی آپ نے سوچا! یقیناً آپ کے ذہن میں یہ سوالات جنم لینے چاہئے کہ ہم یہ کام اور ان مسائل کو کیسے حل کر سکتے ہیں

نسیم عباس کے دیگر کتابچے

ایذا رسانی قرآن و اہلبیتؑ کی نظر میں

آزمائش

فرامین حضرت امام علی رضا علیہ السلام

کامیابی اور نجات کیسے ممکن ہے؟

خواہشات نفسانی قرآن کی نظر میں

صبر و شکر

ہم سب مجرم ہیں؟

انفاق فی سبیل اللہ

استحکام پاکستان کے تقاضے

صِلہ رحم

شیطان کا انٹرویو

پستی کے عمیق گڑھوں میں گرنے کے اسباب

دہشت گردی کی نرسریاں دینی مدارس ۔۔۔۔۔۔؟

مکتبہ انوار الثقلین بمقام اتھر

تحصیل پنڈ دادنخان (جہلم)